سوال

یوٹیوب کا استعمال السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ یوٹیوب کا استعمال

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

سوال : کیا موجودہ صورتحال میں یوٹیوب کا استعمال درست ہے، جب کہ گستاخانہ فلم ابھی تک اس پر موجود ہے۔ ؟ الجواب بعون الوھاب موجودہ صورتحال میں کفار کی حوصلہ شکنی، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ محبت کا اظہار کرتے ہوئے یوٹیوب کو استعمال کرنا درست نہیں ہے۔ تاکہ ان کا اقتصادی خسارہ زیادہ سے زیادہ ہو اور وہ دوبارہ ایسی حرکات کرنے سے باز رہیں۔ کافر کبھی مسلمانوں کے دوست نہیں ہو سکتے، مسلم ممالک کو چاہئیے کہ وہ یوٹیوب کے مقابلے میں ایسی ہی کوئی اچھی سے سائٹ لانچ کریں، جو یوٹیوب کا مقابلہ کر سکے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث